میڈیا آفس

حزب التحریر

ولایہ پاکستان

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر

HIZB UT TAHRIR

جمعرات، 12 ربیع الاول، 1442ھ | 29/10/2020 | نمبر: 1442/24

پریس ریلیز

جو رسول اللہ ﷺ سے عشق کرتے ہیں وہ ضرور بالضرور نبوت کے نقش قدم پر خلافت قائم کریں جو ہمارے نبی ﷺ کی ناموس کی حفاظت کرے گی

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِهِ وَأَهْلِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ **"تم میں سے کوئی اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک اس کی مجھ سے محبت اپنی اولاد، ماں باپ اور سب لوگوں سے زیادہ نہ ہو جائے"** (النسائی)۔ امام ابو سلیمان الخطابی رحمۃ اللہ علیہ نے رسول اللہ ﷺ سے محبت کے موضوع کے حوالے سے اپنے تبصرے میں فرمایا، فَمَعْنَاهُ لَا تَصْدُقُ فِي حُبِّي حَتَّى تُفْنِيَ فِي طَاعَتِي نَفْسَكَ وَتُؤْثِرَ رِضَايَ عَلَى هَوَاكَ وَإِنْ كَانَ فِيهِ هَلَاكُكَ "اس کا مطلب یہ ہے: تمہاری مجھ سے محبت اُس وقت تک سچی نہیں جب تک تم میری اطاعت میں خود کو تھکا نہ لو اور جب تک تم اپنی خواہشات پر میری خوشی کو ترجیح نہ دو، چاہے ایسا کرنا تمہاری موت کا باعث بن سکتا ہو"۔ آج اس 12 ربیع الاول 1442 ہجری کو اگر دنیا کو دیکھا جائے تو یہ واضح نظر آتا ہے کہ اسلامی امت کی اپنے رسول اللہ ﷺ سے شدید محبت انہیں کفار سے ممتاز کرتی ہے جو مسلسل رسول اللہ ﷺ کی شخصیت پر حملے کر رہے ہیں، ان کی ذات کا تمسخر اڑانے کی کوشش کر رہے ہیں اور ان پر طنزیہ جملوں کے وار کر رہے ہیں۔ تو ایک طرف مسلمانوں میں موجود رسول اللہ ﷺ کی محبت ہے جس کی وجہ سے انہیں فرانس کے شیطانی عمل پر تکلیف پہنچ رہی ہے اور وہ رسول اللہ ﷺ کے دفاع کے لیے سڑکوں پر نکل رہے ہیں اور سوشل میڈیا پر مہمات چلا رہے ہیں۔ جبکہ دوسری جانب کفار کے مغربی قائدین تکبر کے ساتھ اپنے موقف پر جمے ہوئے ہیں اور واضح کر رہے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی ذات کا تمسخر اڑانے اور ان پر طنز کرنے کی مہم کی سرپرستی اور حمایت جاری رکھیں گے جیسا کہ وہ کئی سال سے کرتے چلے آرہے ہیں۔

جہاں تک مسلم ممالک کے حکمرانوں کا تعلق ہے تو ان کی صورتحال کی مثال پیچھے کنواں آگے کھائی والی ہے! ایک جانب انہیں مسلمانوں کے غیظ و غضب کا ڈر ہے تو دوسری جانب وہ مغربی دارالحکومتوں میں موجود اپنے آقاؤں کی اطاعت کو بھی نہیں چھوڑنا چاہتے۔ جب مسلمانوں کا خون رسول اللہ ﷺ کی توہین پر غصے سے کھول رہا ہوتا ہے تو یہ حکمران محض کھوکھلی نعرے بازیوں سے کام لیتے ہیں اور بے معنی نمائشی اقدامات اٹھاتے ہیں۔ پاکستان کے وزیر اعظم عمران خان نے فیس بک کے مالک کو اسلاموفوبیا روکنے کے لیے خط لکھا جیسا کہ ایک ایٹمی طاقت اور مسلم دنیا کی سب سے طاقتور فوج کے حامل حکمران کا ایک تاجر کو خط لکھنا توہین رسالت کا منہ توڑ جواب ہو، وہ تاجر جو آزادی رائے کے مغربی فکر کو کاروباری منافع کیلئے استعمال کرتا ہے۔ عمران خان نے مسلم دنیا کے حکمرانوں کو خط لکھا کہ وہ اسلاموفوبیا کے خلاف حرکت میں آئیں جیسے کہ یہ بے حس لاشیں اس سے پہلے بھی امت کے کسی بھی مفاد کے حصول کے لیے حرکت میں آئیں ہو جبکہ ان کے ہاتھ میں لاکھوں کی تعداد میں فوج اور دنیا کی دولت کا ایک بڑا حصہ بھی ہے۔

اے پاکستان کے مسلمانو! مسلم دنیا کے موجودہ حکمران ان معاملات میں ہمارے موقف کی نمائندگی نہیں کرتے جو ہمیں اپنی جانوں سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ جب تک ہم خلافت دوبارہ قائم نہ کرلیں، جو قرآن و سنت کے مطابق حکمرانی کرتی ہے، ہم کبھی بھی رسول اللہ ﷺ کی ناموس کا موثر دفاع ہوتا نہیں دیکھ سکیں گے۔ خلافت رسول اللہ ﷺ کی ناموس کی حفاظت کے لیے اقوام متحدہ، استعماری عالمی طاقتوں اور کفار سے التجائیں نہیں کرتی بلکہ امت کے وسائل کو حرکت میں لا کر شیطانی حرکت کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیتی ہے اور اسلامی حرمات کا دفاع کرتی ہے۔ جب خلافت اپنے کمزور ترین دور سے گزر رہی تھی تب بھی عثمانی خلیفہ عبدالحمید دوئم کے اعمال سے رسول اللہ ﷺ کی محبت اور اطاعت واضح تھی جب برطانیہ اور فرانس، جو اس وقت دنیا کی عالمی طاقتیں تھیں، نے رسول اللہ ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کا ارادہ کیا تھا۔ سلطان عبدالحمید دوئم کا خلافت کی افواج کو حرکت دلانے کی دھمکی فرانس اور برطانیہ کے لیے کافی ثابت ہوئی، وہ شیطانی حرکت سے رک گئے اور پھر انہیں اُس وقت تک دوبارہ ایسی شیطانی حرکت کرنے کی ہمت نہ ہوئی جب تک خلافت تباہ نہیں ہوگئی۔ آج ہم پر لازم ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ سے اپنی سچی محبت اور ان کی اطاعت کو ثابت کرنے کے لیے نبوت کے نقش قدم پر خلافت کے قیام کی زبردست جدوجہد کریں جو مستقل طور پر شیاطین کے ہاتھ اور زبان کاٹ ڈالے گی۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrira.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info:

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK04 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449 پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK